© rasailojaraid.com



# تبصرہ کتب

مولانا محمد ابراہیم فانی صاحب

**الادب الجاری فی ابیات صحیح البخاری۔ مؤلف : شیخ الحدیث مولانا لطافت الرحمان صاحب سواتی**

**ضخامت : ۱۶۰ صفحات۔ قیمت : درج نہیں۔ ناشر : ادارۃ العلم والتحقیق جامعہ ابوھریرہ ،زڑہ میانہ نوشہرہ**

زیر تبصرہ کتاب شیخ الحدیث حضرت مولانا لطافت الرحمٰن صاحب سواتی مدظلہ ‘ کی ایک علمی شہکار تالیف ہے جس میں فاضل مؤلف نے بخاری شریف میں جابجا جو اشعار آئے ہیں اس کی تشریح فرمائی ہے مغلق لغات کی تنفتیح و توضیح اوزان و بحور کی تفصیل اور ابیات کی تقطیع کے ساتھ ساتھ صرفی و نحوی تحقیق نے اشعار کے غوامض کی نقاب کشائی کی ہے اور پھر اس پر مستزاد یہ کہ مقام و موقعہ کی مناسبت سے اردو اور فارسی کے ابیات کے الحاق سے کتاب کی افادیت میں مزید اضافہ ہوا ہے چونکہ مؤلف موصوف خود بھی عربی کے قادر الکلام شاعر ہیں۔ اس لئے آپ نے ان اشعار کی تشریح میں اپنے مذاق شاعری کے مطابق انتہائی نکھار اور دلچسپی پیدا کی ہے۔ اسی موضوع پر مولانا عاشق الٰہی صاحب بلند شہری نے انعام الباری کے عنوان سے اردو میں کتاب لکھی ہے لیکن اس کا انداز اور اسلوب واعظانہ اور ناصحانہ ہے جبکہ ان اشعار کی ادبی رنگ میں ایک دلکش توضیح کی ضرورت تھی چنانچہ یہ عظیم کارنامہ مولانا لطافت الرحمٰن صاحب مدظلہ ‘ نے بطریق احسن انجام دیا ہے۔ فجزاہ اللہ خیر الجزاء۔ کتاب جس طرح کہ معنوی لحاظ سے انتہائی مفید اور دلچسپ ہے اسی طرح صوری اور ظاہری اعتبار سے بھی نہایت دیدہ زیب اور خوبصورت ہے۔ کتاب کے عنوان کی مناسبت سے اربابِ ادارۃ العلم والتحقیق نے اسے اس قدر حسین انداز میں پیش کر کے خوش ذوقی کا ثبوت دیا ہے۔ علاوہ ازیں شیخنا المکرم حضرت مولانا ڈاکٹر سید شیر علی شاہ صاحب مدظلہ ‘ کی بلیغ تقریظ نے کتاب کی افادیت کو دوبالا کیا ہے۔

---

**کتاب المرشد۔ مصنف۔ محمد بن زکریا رازی۔ مترجم : جناب محمد رضی الاسلام ندوی صاحب**

**ضخامت : ۱۴۴ صفحات۔ قیمت :۔ /۳۰ روپے۔ ملنے کا پتہ : عمران اکیڈیمی ۴۰/بی۔ اردو بازار ، لاہور**

محمد بن زکریا رازی کا شمار ان عظیم اور نابغہ روزگار اطباء میں ہوتا ہے جن کا طب یونانی کے